# تعلقات عامہ دفتر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

September 21, 2023

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کا گرد افلپس بورن ڈے کیئر سینٹر پھر سے کھلا

جامعہ ملیہ اسلامیہ کا گرد افلپس بورن ڈے کیئر سینٹر (کریشے) جو کوڈ بحران کے دوران بند ہو گیا تھا ایک مرتبہ پھر سے کھل گیا ہے اور اس میں رجسٹریشن اور اندراج کا کام تیزی سے چل رہا ہے۔ یہ سینٹر جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مشیر فاطمہ نرسری اسکول کے زیر اہتمام ایک توسیعی سہولت کے طور پر کام کرتا ہے۔ یہ ڈے کیئر سینٹر سونے کی سہولتوں، انڈور اور آؤٹ ڈور کھیلوں کے ساز و سامان، بیت الخلا اور بچوں کے لحاظ سے ساز وسامان سے آراستہ ہونے کے ساتھ ساتھ آسان ماہانہ قیمتوں پر دستیاب ہے۔

ایسے بچے جن کے والدین ورکنگ ہیں ان کی ضروریات کے پیش نظر (پدم شری) پروفیسر نجمہ اختر، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اس سینٹر کو دوبارہ کھولنے کا قدم اٹھایا ہے۔

اس سینٹر کا خاص مقصد ترغیباتی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ آرام دہ اور پرسکون ماحول قائم کرنا ہے۔ علاوہ ازیں یہاں ہر بچے کی نشوونما کی ضروریات کی تکمیل کے لیے متعدد سرگرمیاں بھی ہوتی ہیں تا کہ بچوں کو صحت منداور سازگار ماحول کے ساتھ ان کی صلاحیتوں کو نکھارا جا سکے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی

Twitter handle:@jmiu_official,Facebook:)

@jmiofficial,instagram:

@jamiamilliaislamia_official,linkedhin:

@jamiamilliaislamia and You Tub